سوال

عصر کی نماز میں ظہر کی نیت کرے یا عصر کی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی کی ظہر قضا ہوجائے تو عصر کی نماز میں ظہر کی نیت کرے یا عصر کی۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

: اگر امام عصر پڑھ رہا ہو تو اس کے پیچھے ظہر کی نیت بھی کر سکتا ہے اور عصر کی بھی۔ اگر ظہر کی نیت کرے تو عصر بعد میں پڑھے اور اگر عصر کی نیت کرے تو ظہر بعد میں پڑھے ترتیب کا اس وقت خیال نہیں کرنا چاہیے۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوة، نماز کا بیان، ج2ص61